


# Call for Papers

## INTERNATIONAL SEMINAR
## ON
# Modern Trends in Sirah Writing

The tradition of Sīrah writing, which goes back to the first century of Hijrah, has continued apace ever since. As a result, the accumulation of writings on the Prophet (peace be on him) in different languages is massive, rich and variegated. The modern period, in terms of writings on the Prophet, has been spectacularly productive. It seems that time has come to pause and look back at this phenomenal development of the whole field of Sīrah with focus on the modern period(circa 1800 onwards). With this end in view, an international seminar on Sīrah is being organised under the joint auspices of the National Sīrah Study Centre, Islamic Research Institute and Iqbal International Institute for Research and Dialogue, International Islamic University, Islamabad (26-28 March, 2011) to take stock of the different approaches to the subject, and to attempt critical surveys of the major studies on Sīrah along with their theoretical underpinnings during the modern period. By carefully analysing the different attitudes, trends, methodologies and contents of these writings an effort will be made to undertake a holistic evaluation of this period and to explore new vistas for future studies on Sīrah.

Although the three-day seminar will be focused on Sīrah works in three languagesArabic, English and Urdu an attempt will also be made to bring to light, as far as possible, various dimensions of Sīrah writing in other important languages such as Turkish, Persian, Bengali, Malay/Indonesian, French and German. We hope thereby to gain a comprehensive and clear picture of modern trends in Sīrah writing.

This seminar forms a part of the International Islamic University's Silver Jubilee celebrations.

## Proposed Themes for Papers:

The papers to be presented in the seminar will attempt to achieve the following:

- Regional surveys of Sīrah writings;
- Focused studies on major works in the field of Sīrah;
- Review of the major trends in Sīrah writing;
- Study of the impact of different theoretical frameworks and changing intellectual perspectives on Sīrah writings;
- Any other significant aspect of Sīrah studies in the modern period.

## Deadlines:

| | |
|---|---|
| Deadline for Submission of Abstracts | 15 November 2010 |
| Deadline for Submission of Articles | 15 February 2011 |

The sponsors will provide hospitality to all the participants whose papers are accepted for presentation in the Seminar for the entire duration of the seminar.

Abstracts should not be more than 250 words approximately.

For further enquiries kindly contact on the following addresses:

Islamic Research Institute, Post Box No 1035 Islamabad- 44000(Pakistan)
email <sirahseminar@iiu.edu.pk> <ziansari@gmail.com>

## Date of Seminar 26-28 March 2011




# بین الاقوامی سیمینار:

# دورِ جدید میں سیرت نگاری کے رجحانات

اہلِ اسلام کے دلوں میں حضور سرورِ کائنات ﷺ کا جو مقام اور مرتبہ ہے وہ محتاجِ بیاں نہیں لیکن تاریخ عالم کے ہر طالب علم کے لیے بھی تاریخ انسانی پر حضرت محمد بن عبداللہ ﷺ وہ عہد ساز اور تاریخ آفریں شخصیت ہوئے ہیں جن کی زندگی اور کارناموں سے کوئی بصر صرف نظر نہیں کر سکتا۔ تاریخ انسانی پر آپ کے ہمہ گیر اثرات سے واقفیت کی جستجو آج کے علمی حلقوں میں بھی ماضی کی طرح روز افزوں ہے۔ سیرت نگاری کی داغ بیل پہلی صدی ہجری ہی میں پڑ گئی تھی لیکن صدی بہ صدی اس فن کے مختلف گوشوں پر علمی کاوش کا سلسلہ آگے بڑھتا رہا ہے۔ مسلمان علما اور سیرت نگاروں کے ساتھ ساتھ غیر مسلم اہلِ علم کی علمی کاوشوں کے نتائج بھی آئے دن سامنے آ رہے ہیں۔ دورِ جدید (یعنی گزشتہ دو صدیوں) میں سیرت کے نت نئے گوشوں پر وقیع علمی کام ہوا ہے، سیرت نگاری کے منہج پر نہایت بنیادی اہمیت کی تصانیف سامنے آئی ہیں، اور انسانی علوم و فنون میں جو ترقی ہوئی تھی ان کے زاویۂ نظر سے سیرت پر متعدد اہم کام سامنے آئے ہیں۔

بنابریں ادارہ تحقیقاتِ اسلامی کا قومی مرکز مطالعہ سیرت، اور اقبال انسٹی ٹیوٹ فار ریسرچ اینڈ ڈائیلاگ (بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد) "دورِ جدید میں سیرت نگاری کے رجحانات" کے موضوع پر ایک بین الاقوامی سیمینار کا اہتمام کر رہے ہیں۔ اس سیمینار میں دورِ جدید کے بعض اہم ترین مطالعات سیرت کا تنقیدی جائزہ لیا جائے گا اور ان مطالعات کے علمی رویوں، اسلوب نگارش اور مناہج تحقیق کا تجزیہ کر کے مستقبل کی سیرت نگاری کے خد و خال نمایاں کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ اس سہ روزہ سیمینار میں ترجیحی طور پر تو عربی، اُردو اور انگریزی میں ہونے والے کام کا جائزہ لیا جائے گا لیکن اس کے ساتھ ہی ممکنہ حد تک ترکی، فارسی، بنگالی، ملاوی، انڈونیشی، فرانسیسی، اطالوی اور ہسپانوی زبانوں میں سامنے آنے والی سیرت نگاری کی کاوشوں پر بھی علمی تبصرے سامنے لانے کی کوشش کی جائے گی۔ اس طرح ان شاء اللہ ہمارے سامنے دورِ جدید کی سیرت نگاری کی خاصی حد تک نمائندہ تصویر واضح ہو جائے گی۔ گزشتہ علمی کارناموں کے جائزہ کی روشنی میں مستقبل کے امکانات اور اندیشوں پر غور و خوض بھی اس سیمینار کا ایک مقصد ہے تاکہ علوم اسلامیہ کے ایک اہم اور بنیادی شعبہ کی ترقی و توسیع اور فروغ کے در کشادہ ہو سکیں۔ یہ سیمینار بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی کی سلور جوبلی تقریبات کا ایک حصہ ہوگا۔

## سیمینار کے مجوزہ مباحث:

اس سیمینار میں پیش کیے جانے والے مقالات میں مندرجہ ذیل موضوعات کا احاطہ کرنے کی کوشش کی جائے گی:

- ☆ مختلف خطوں کی سیرت نگاری کا جائزہ
- ☆ سیرت کی بنیادی اہمیت کی تصنیفات پر مرکوز مباحث
- ☆ سیرت نگاری کے اہم رجحانات کا جائزہ
- ☆ سیرت نگاری پر مختلف نظریاتی اسالیب اور نقطۂ ہائے نظر کے اثرات
- ☆ دورِ جدید کے مطالعہ سیرت کے دیگر اہم پہلوؤں کا جائزہ۔

## متعلقہ تاریخیں:

| | |
|---|---|
| خلاصہ بھیجنے کی آخری تاریخ: | ۱۵ر نومبر ۲۰۱۰ء |
| مقالات بھیجنے کی آخری تاریخ: | ۱۵ر فروری ۲۰۱۱ء |
| سیمینار کی تاریخ: | ۲۶ تا ۲۸ مارچ ۲۰۱۱ء |

جن حضرات کے مقالات سیمینار کے لیے قبول کیے جائیں گے ان کی میزبانی کے فرائض ادارہ انجام دے گا۔

جو حضرات اس سیمینار میں مقالہ پیش کرنا چاہیں وہ درج ذیل پتہ پر رابطہ کر سکتے ہیں:
ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی اسلام آباد، پوسٹ بکس ۱۰۳۵، پاکستان، ۴۴۰۰۰۔
email: <sirahseminar@iiu.edu.pk>,<ziansari@gmail.com>